1B2A23117 (Pages : 2) Reg. No:……………………

Name: …………………………

FAROOK COLLEGE (AUTONOMOUS), KOZHIKODE

**Second Semester BA/B.Sc Degree Examination, April 2023**

**BUR2A08(1) – Urdu Poetry – I**

(2022 Admission onwards)

Time: 2 ½ hours Max. Marks : 80

## SECTION A

I درجِ ذیل سوالوں کے جواب مختصر الفاظ میں دیجیے۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مقرر ہیں۔ اس حصہ کے لیے 25 مارکس مختص ہیں۔

1۔ 'شاعرِ مشرق' کے نام سے کس نے شہرت حاصل کی؟۔

2۔ چکبست کا پورا نام کیا ہے؟

3۔ کس کو اردو کا پہلا عوامی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے؟

4۔ اردو کے کسی دو رومانی شاعروں کے نام لکھیے۔

5۔ جوش کن کن ناموں سے شہرت حاصل کی؟

6۔ کس صنفِ شاعری میں مافوق الفطری عناصر (Super natural elements) شامل رہتے ہیں؟

7۔ کس نے مشہور نظم تاج محل لکھی؟

8۔ ترقی پسند تحریک سے وابستہ کسی دو شاعروں کے نام لکھیے؟

9۔ اردو کے کسی دو مثنوی نگاروں کے نام لکھیے؟

10۔ 'عورت' کس کی مشہور نظم ہے؟

11۔ نظیر اکبر آبادی کی کسی دو مشہور نظموں کے نام لکھیے؟۔

12۔ سید محمد سرور کے شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

13۔ فلمی دنیا سے جڑے کسی دو اردو شاعروں کے نام لکھیے؟

14۔ شوق لکھنوی کا پورا نام کیا ہے؟

15۔ 'امن کا سفیر' کے خطاب سے اردو کے کون شاعر نوازا گیا؟۔

## SECTION B

درج ذیل سوالوں کے جواب مختصراً لکھیے۔ ہر سوال کے لیے 5 نمبرات مقرر ہیں۔ اس حصہ کے لیے 35 مارکس مختص ہیں۔

سید محمد سرورؔ کی شاعری پر مختصراً نوٹ لکھیے۔

ان گنت لوگوں نے دنیا میں محبت کی ہے	کون کہتا ہے کہ صادق نہ تھے جذبہ ان کے

اس شعر کا پس منظر لکھیے۔

نظم 'سرحدیں' کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔

زندگی جہد میں ہے صبر کے قابو میں نہیں	نبض ہستی کا لہو کانپتے آنسو میں نہیں

شاعر عورتوں سے ایسا کیوں کہتا ہے۔ لکھیے۔

صنف مثنوی کا مختصر اَلتعارف پیش کیجیے۔

ہم تو نہ چاند سمجھیں، نہ سورج ہیں جانتے	"بابا! ہمیں تو نظر آتی ہیں روٹیاں"

اس شعر کا پس منظر بیان کیجیے۔

جوش ملیح آبادی پر مختصراً نوٹ لکھیے۔

اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا	راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

شاعر ایسا کیوں کہتا ہے؟۔ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## SECTION C

کسی دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ 2X10=20

اے مرے بچے، مرے لختِ جگر پیدا نہ ہو	یاد رکھ پچھتائے گا تو، مرے گھر پیدا نہ ہو

شاعر ایسا کیوں کہتا ہے؟ نظم 'فیملی پلاننگ' کے حوالے سے لکھیے۔

چکبست کی شاعری کا جائزہ نظم 'خاکِ ہند' کے حوالے سے لیجیے۔

مثنوی 'زہر عشق' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

اقبال کی شاعری کا تعارف کراتے ہوئے نظم 'چاند اور تارے' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

1B2A23118 (Pages : 2) Reg. No:.............................

Name: .............................

FAROOK COLLEGE (AUTONOMOUS), KOZHIKODE

**Second Semester BCOM/BBA/BAMC/CS/ Degree Examination, April 2023**

**BUR2A08(2) – Urdu Shairi**

(2022 Admission onwards)

Time: 2 ½ hours Max. Marks : 80

## SECTION A

**I** درجِ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کے لیے 2 نمبرات مقرر ہیں۔ اس حصہ کے لیے 25 مارکس مختص ہیں۔

۱۔ شاہِبیت سے کیا مراد ہے؟

۲۔ اقبال کی کسی دو نظموں کے نام لکھیے۔

۳۔ جوش ملیح آبادی کن کن ناموں سے جانے جاتے ہیں؟

۴۔ کسی دو اردو فلموں کے نام لکھیے۔

۵۔ نظم کا لغوی معنی کیا ہے؟

۶۔ فیض کس تحریک سے وابستہ رہے؟

۷ رواں کا پورا نام کیا ہے؟

۸۔ اقبال کے کسی دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

۹۔ مدحیہ قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

۱۰۔ اکبر الہ آبادی کے خطاب کیا کیا ہیں؟

۱۱۔ رباعی کی تعریف کیجیے۔

۱۲۔ کس اردو شاعر کو گیان پیٹھ انعام ملا تھا؟

۱۳۔ میر کی شہرت کس صنف سے ہوئی؟

۱۴۔ مرزا غالب کے خطاب لکھیے۔

۱۵۔ کسی دو فلمی گیت کاروں کے نام لکھیے۔

## SECTION B

II مختصر جواب لکھیے۔ایک سوال کے لیے 5 مارکس ہیں۔اس حصہ کے لیے 35 مارکس مختص ہیں۔

۱۶۔ حالی نے صنفِ مثنوی کو "سب سے زیادہ کارآمد بتایا ہے"۔ کیوں؟

۱۷۔اس شعر کی تشریح کیجیے:

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا: آگے آگے دیکھیے ہوتا کیا

۱۸۔ناصر کاظمی کی غزلوں کی خصوصیت کیا کیا ہیں؟ مختصراً لکھیے۔

۱۹۔ صنفِ مرثیہ کی تعریف کر کے اس کی خصوصیات پر نوٹ لکھیے۔

۲۰۔ مجروح سلطان پوری کا فلمی گیت " چلتے چلتے " کا تاثراتی نوٹ لکھیے۔

۲۱۔اس رباعی کا مفہوم لکھیے۔

کیا تم سے بتائیں عمر فانی کیا تھی؛ بچپن کیا چیز تھی جوانی کیا تھی

یہ گل کی مہک تھی وہ ہوا کا جھونکا؛ ایک موجِ فنا تھی زندگانی کیا تھی

۲۲۔علامہ اقبال کی شاعرانہ عظمت پر اپنی معلومات فراہم کیجیے۔

۲۳۔اس شعر کی تشریح کیجیے۔

یوں نہ تھا' میں نے فقط چاہا تھا یوں ہو جائے؛ اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا

## SECTION C

کسی دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔

2×10= 20

۲۴۔ غزل کی تعریف کرتے ہوئے اس کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔

۲۵۔میر تقی میر کی غزل گوئی پر اپنی معلومات فراہم کیجیے۔

۲۶۔ نظم "چاند اور تارے "کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۲۷۔ کیفی اعظمی کی نظم " عوت "کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔